Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۳۴	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۰ شوال ۱۳۳۴ھ مطابق ۲۱ اگست سنہ ۱۹۱۶ع

فہرست مضامین

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام واقع ۸ ر اگست

مع نقل عرضداشت صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کاغذات رپورٹ سپرنٹنڈنٹ آتش فیکٹری مصدقہ اسسٹنٹ فیکٹریز نسبت اطلاع مارپیٹ کرنے قلی ... شیخ شہزادہ سکنہ گھیر مردان خان بر مکان ضیا ... ملازمان کارخانہ فیکٹریز جبکہ سرکار سے تنخواہ پاتے ہیں

بجٹ آنکی تنخواہ ہونیکا مرتب ہوتا ہی۔ اور بجٹ سے تنخواہ دیجاتی ہی تو کوئی وجہ نہیں کہ وہ ملازم سرکار نہ سمجھے جائین۔ ملازمان کارخانہ اسٹیٹ فیکٹریز ملازم سرکار ہین۔ کاغذات صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہون۔

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

عرض

میر حامد

جناب عالی

صاحب منیجر بہادر اسٹیٹ فیکٹریز کی تحریر سے واضح ہوا کہ قلی ڈیپو میں برف فروخت کر رہا تھا کہ ایک شخص شہزادہ نامی نے حجت کی۔ اور اسکو مارا۔ پولیس مین کارروائی ضابطہ کیواسطے اطلاع دیگئی تو سپرنٹنڈنٹ آئس فیکٹری نے رپورٹ پیش کی۔ کوتوال شہر نے کہا ملازمان کارخانہ قانوناً ملازمان سرکار نہین ہین۔ اسلئے مقدمہ مداخلت بیجا بکار سرکار بھی نہین چل سکتا ہی۔

لہذا کاغذات متعلقہ ارسال حضور ہوکر گزارش ہے کہ ملازمان کارخانہ ملازم سرکار سمجھے جائین یا نہین۔ اگر ملازم سرکار نہ سمجھے جائینگے تو آئندہ بھی اس قسم کی وقت پیش آنیکا اندیشہ ہی۔ والادب

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اضافہ

۱۴ اگست سنہ ۱۹۱۶ع

حسب تحریر صاحب ریونیو سکریٹری بہادر منشی یوسف علیخان صاحب تحصیلدار بلاسپور رشاہرہ دار پچہتر روپیہ ماہوار کی تنخواہ مین تاریخ منظوری سے پچیس روپیہ اضافہ منظور فرماکر سو روپیہ ماہوار مقرر فرمائے گئے۔

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

واقع ۱۴ اگست سنہ ۱۹۱۶ع

تجویز صدداشت صاحب اسٹیٹ انجینیر بہادر باستدعاء منتقل کردیے جانے صیغہ آبرسانی پمپ شاہ آباد از محکمہ خود بمحکمہ صاحب ہوم سکریٹری بہادر بوجہ تعلق ہونے صیغہ واٹر ورکس ایندا بیلا صاحب ممدوح الیہ اندرینصورت یکجا ہو جانے کل کارخانہ واٹر ورکس نیز ارسال بجٹ پمپ شاہ آباد باجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر۔

رپورٹ منظور ہے۔ صیغہ آبرسانی پمپ شاہ آباد کا تعلق صاحب ہوم سکریٹری بہادر سے کیا جائے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔ دیوان صدر کو بھی اطلاع دیجائے۔

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

واقع ۱۵ اگست سنہ ۱۹۱۶ع

استدعا بخشی فوج نسبت کرر انطباع حکم سرکار ابد قرار مجریہ ۲۳ مارچ سنہ ۱۹۰۳ع دربارہ ادخال قبض الوصول

رپورٹ منظور ہے۔ سررشتہ دار صدر کے پاس کاغذات مرسل ہون۔

بشنید

رفعت وعوالی مرتبت بخشی فوج لیعاقبت

رپورٹ آپکی دربارہ نفاذ حکم ہدایتی متعلقہ ادخال قبض الوصول با سررشتہ جات متفرق ملاحظہ ہوکر حکم ہوا کہ ہر صیغہ سے قبض الوصول تنخواہ دوسرے مہینہ کی ۲۰ تاریخ تک داخل بخشیگری ہونا چاہئے۔ اگر وقت مقررہ پر قبض الوصول داخل ہون تو اہالیان بخشی گری کو چاہئے کہ برآورد تنخواہ تا حصول قبض الوصول پاس نکرین۔ ۲۰ دن کا شمار تنخواہ وصول ہونیکے بعد سے ہوگا۔

مورخہ ۲۳ مارچ سنہ ۱۹۰۳ع

نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتدا ۱۰ر اگست لغایت ۱۶ر اگست سنہ ۱۹۱۶ء

تاریخ مع دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون
۱۰ر اگست سنہ ۱۹۱۶ء یوم پنجشنبہ	۰	۴۱۸	۰	۳۰۵	۰	۴۰۴	۰	۲۷۷	۲	۲۹۳	۰	۲۵۳
۱۱ر " " جمعہ	۱۷	۴۳۵	۲۱	۳۲۲	۱۷	۴۲۰	۲۳	۳۰۰	۹	۳۰۲	۱۰	۲۶۳
۱۲ر " " شنبہ	۰	۴۳۵	۰	۳۲۲	۱۲	۴۳۲	۱۳	۳۱۳	۷	۳۰۹	۰	۲۶۳
۱۳ر " " یکشنبہ	۰	۴۳۵	۰	۳۲۶	۰	۴۳۲	۵	۳۱۸	۰	۳۰۹	۰	۲۶۳
۱۴ر " " دوشنبہ	۱	۴۳۵	۲	۳۲۸	۰	۴۳۲	۰	۳۱۸	۰	۳۰۹	۰	۲۶۳
۱۵ر " " سہ شنبہ	۰	۴۳۶	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۴۳۲	۰	۳۱۸	۱	۳۱۰	۲	۲۶۵
۱۶ر " " چہارشنبہ	۰	۴۳۶	۰	"	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدا ۱۴ر لغایت ۱۶ر اگست سنہ ۱۹۱۶ء

نام جنس	خصوص تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۵؍ار	۵؍ار	۶؍ار	۰	۵؍ار	۶؍ار	
نخود ناخالص	۱۰؍ار	۱۰؍ار	۱۱؍ار	۰	۱۱؍ار	۱۱؍ار	
نخود دستہ خیز	۱۲؍ار	۱۱؍ار	۱۲؍ار	۰	۱۳؍ار	۱۳؍ار	
بیسن	۰	۰	۰۱۲؍ار	۰	۰	۰۱۲؍ار	
[illegible]	۸؍ار	۸؍ار	۰۷؍ار	۰	۰۷؍ار	۸؍ار	
مونگ	۰۷؍ار	۷؍ار	۰۷؍ار	۰	۰	۸؍ار	
مکا	۱۴؍ار	۰	۱۵؍ار	۰	۱۵؍ار	۰۱۵؍ار	
جئی		۰	۱۳؍ار	۰	۰۱۵؍ار	۱۴؍ار	
گوجئی	۰	۰	۰۱۲؍ار	۰	۱۲؍ار	۰۱۲؍ار	
مسور	۷؍ار	۰	۹؍ار	۰	۰	۰	
ارہر	۰۱۰؍ار	۰	۱۱؍ار	۰	۰	۰۱۰؍ار	
برنج	۵؍ار	۶؍ار	۰۶؍ار	۰	۰۷؍ار	۰۷؍ار	
روغن سیاہ	۰۰۳؍ار	۰۰۳؍ار	۲؍ار	۰	۲؍ار	۲؍ار	
روغن کنجد	۱؍ار	۲؍ار	۰۳؍ار	۰	۰۱؍ار	۱؍ار	
نمک سانبھر	۱۱؍ار	۱۲؍ار	۰۱۲؍ار	۰	۱۱؍ار	۱۴؍ار	
نمک لاہوری	۰۸؍ار	۱۲؍ار	۱۰؍ار	۰	۰۸؍ار	۱۳؍ار	
قند سیاہ	۵؍ار	۰۶؍ار	۰۵؍ار	۰	۳؍ار	۱۳؍ار	
باجرہ	۱۱؍ار	۰	۱۰؍ار	۰	۰	۰	
روغن زرد	۲؍ار	۲؍ار	۲؍ار	۰	۲؍ار	۲؍ار	

مطبوعہ پریس ریاست رامپور